# دائرے افسانہ



شفیع احمد

صوفیہ نے اس جواں سال لڑکے کو اشارے سے بُلایا!

اور پھر دائرے میں قید ہوگی

صوفیہ کی عمر کوئی تیس برس تھی۔ چہرے مہرے سے خوبصورت دکھتی تھی۔ لمبا قد، سڈول جسم، رنگ گورا، آنکھیں چمکدار اور انہیں مزید دلکش بنانے کے لئے کاجل کی لمبی لکیر کھینچی رہتی۔ والدین کی اکلوتی بیٹی تھی جبکہ دو بھائیوں کی موجودگی میں کافی لاڑ پیار سے پالی گئی تھی۔ اور جب اس کے لئے رشتہ ڈھونڈا گیا تو یہ شرط رکھی گئی کہ گھر گرہستی برابر والوں کی ہونی چاہئے۔ لڑکا خوبرو ہونے کے ساتھ اچھی کمائی کرنے والا ہوتا کہ صوفیہ پر سسرال میں کام کاج کا کوئی دباؤ نہ پڑنے پائے، نہیں تو اس کی خوبصورتی خاص کر ہاتھوں کی جلد ضایع ہوسکتی ہے۔ لڑکی سسرال میں بہو کے طور بلکہ مستقبل کی مالکن کی حیثیت سے جارہی ہے کوئی نوکرانی نہیں۔ ہلکا پھلکا کام ہو تو کوئی عیب نہیں۔ یہ سب باتیں درمیانہ دار کو سمجھائی گئی تھیں اور اس کے ساتھ یہ بھی وعدہ کیا گیا تھا کہ من پسند لڑکا اور گھر تلاش کرنے کی صورت میں اسے منہ مانگا انعام دیا جائے گا۔

"آپ اس پتے پر کسی کو بھیجو تو پھر معلوم ہوگا میں نے کیا کام کیا ہے۔" درمیانہ دار نے کاغذ کا پرزہ صوفیہ کی والدہ کے ہاتھ میں تھماتے ہوئے کہا۔

"مجھے تو تم پر بھروسہ ہے، معلوم تو میں ضرور کراؤں گی۔ جیسا کام کیا ہوگا ویسا ہی انعام بھی ملے گا۔" صوفیہ کی ماں نے جواب دیا۔

اور پھر وہ دن آ ہی گیا جب صوفیہ دلہن بن کر سسرال گئی۔ کچھ تو قدرتی طور خوبصورت اور کچھ مصنوعی لیپا پوتی، اس کا رنگ نکھر آیا تھا۔ سسرال والوں نے بھی استقبال خوب کیا۔ باہری سڑک سے لیکر بڑے سے مکان اور وسیع آنگن کے گرد چار دیواری کو نازک قمقموں سے سجایا گیا تھا۔ دولہا دلہن کی گاڑی برابر حویلی کے دروازے پر رکی۔ اور پھر سواگت گیت سنگیت سے کیا گیا۔ سر پر قیمتی شال اوڑھے دلہن چھوٹے چھوٹے قدم اٹھاتے خواتین کی معیت میں مکان کے بڑے کمرے تک پہنچی۔ وہاں کچھ دیر مقامی ساز اور آواز کا جادو سر چڑھ کر بولا۔ پھر ایک ایک کر کے میکے سے ہمراہ آئے لوگ اٹھ کھڑے ہوگئے اور نکل گئے۔

پھر پھولوں کی سیج، خوشبو کی لپٹیں کہ وجود مہک جائے۔ وہ پیار کا تصور، کہ روم روم خوشی کے مارے سنبھلا نہ جائے۔ وہ لمحہ لمحہ زندگی، کہ بس دراز ہونے کی آرزو جاگے۔ وہ ملن کی رات کہ بس اختتام کو نہ پہنچے۔

اور دائرہ سکڑ گیا!

وقت روکے نہیں رکتا اور وقت کا چلنا ہی زندگی ہے۔ بس محض نشیب و فراز ہی زندگی کے معنی سمجھا دیتے ہیں۔ پھر تو سوال جواب کا سلسلہ شروع ہوا۔ کچھ سوالات جو مسکان بھر دیتے ہیں، کچھ جو جھنجھلا دیتے ہیں، کچھ جو گہری سوچ میں مبتلا کر دیتے ہیں اور کچھ کا جواب ہی نہیں ہوتا۔ مگر کسے نہیں معلوم سوالات دائروں کا محیط بڑھا دیتے ہیں۔

پہلے برس سب نے ان سنی کر دی کہ زیادہ توجہ نہیں دی۔ مگر دوسرے تیسرے برس تو دائرے وسیع ہوتے گئے۔ دائروں کی پہنائیاں بڑھتی گئیں۔ بلکہ چوتھے پانچویں برس تو دائروں کے محیط کی سطح منحنی اور خم دار ہوتی گئی کہ متعلقین کی نگاہیں جم سی گئیں۔ مانو پکڑ اور جکڑ کا سلسلہ آ نکلا۔ اور کسے نہیں معلوم جب سطح منحنی اور خم دار ہو تو زخم لگنے کا اندیشہ رہتا ہے۔ اور جب زخموں کو کریدنے تک معاملہ پہنچ جائے تو یہ پھر ہرے ہوجاتے ہیں۔ ایسے زخموں سے ٹیس بھی ابھر آتی ہے کہ لمحہ لمحہ زندگی اجیرن بن جاتی ہے۔

درد کا درمان ناپید تھا۔ وہ چھوٹے دائرے جہاں سے کلکاریاں ابھرتی ہیں، رینٹھ اور تھوک سے در و دیوار مہکتے ہیں، بے معنی الفاظ سے مانو زیست کے دائرے ان کے ہی گرد پیوست ہوتے ہیں، وجود نہ پاسکے۔ جو چھوٹے دائرے زندگی کے معنی بدل دیتے وجود نہ پانے کے سبب گردن کا طوق بن گئے کہ بات سانس رک جانے تک پہنچ گئی۔ اور سانس جب رک جاتی ہے تو زیست ٹھہر جاتی ہے اور جینے کی تمنا بکھر جاتی ہے۔

مگر صوفیہ اتنی کمزور تھی نہیں کہ جینے کی آس چھوڑ دے وہ بھی اس صورت میں کہ کوئی کمی، کوئی برائی، کوئی کمزوری اسکے ساتھ جڑی نہیں تھی۔ پھر بھلا وہ کیوں اپنی خواہشات کا گلا گھونٹ دیتی۔ اس نے مکمل طور جینے کا فیصلہ کر لیا اور اپنی شرطوں پر۔ وہ نوجوان لڑکا صوفیہ سے کوئی دس سال چھوٹا تھا لیکن جب دائرہ سکڑتا ہے تو عمر کیا حیثیت کیا، سماج کیا رتبہ کیا، خواہشات کیا اور ان کی تکمیل کیا۔


صوفیہ لڑکے کی رہنمائی کرتے ہوئے اسے حویلی نما مکان کے عقبی دروازے تک لے آئی۔

"اب یہاں سے نکل جاؤ، خیال رکھنا کوئی دیکھ نہ لے۔" صوفیہ نے دروازہ کھولتے ہوئے ہدایت دی۔

عقبی راہداری پر مسکراتے ہوئے وہ پیچھا مڑا۔ صوفیہ کا حسن دیدنی تھا، بڑی بڑی آنکھوں پر کاجل کی ایک لمبی لکیر اسے مزید دلکش بنائے ہوئے تھی۔

جواں سال لڑکا دھیرے دھیرے چھوٹے قدم بڑھاتا چلتا رہا، لیکن وقفے وقفے سے گردن موڑ کر مسکراتا رہا۔ نظریں دائروں پر ہی ٹکی رہیں۔!

## ویران راتیں



رافعیہ رسول مغموم

کیا رنگ دکھا گئی خود حیران ہوں
وقت کی آندھی نے گھیرا ایسے
بند مٹھی میں تھا چھپا کر
وہ خزانہ لٹا اچانک
وہ خواب بکھرے کیسے بتا دے
تعبیر تھی جن کی سنہری
ماضی کی یادوں میں ڈھوبی آنکھیں
ماتم کدہ ہیں کوئی نہ جانے
صدقے او جل خورشید پے
آنکھوں کا اندھیرا ڈھونڈے جسے
کھو کر جسکے ویران ہیں راتیں
پا کر جسکے روشن تھی راہیں
ناسور بن کر سامنے آئے
ناکام زندگی کے حسین
خواب اک قطرے میں بسا سیلاب
نہ لے جائے پیانہ بہا کر
سلگا قلب دندھلی ہے فضا
ہر سو ہے عالم اضطراب کا
خاک میں ملے خاک ہوئے
پھر بھی نہ لب پر شکوہ کوئی
نہ مٹ سکا الزامِ تکبر مغموم
سر کو سو بار جھکا کر دیکھا
ہے خفا خفا سا تیرا معبود
ہے آزمائش ابھی بڑی بڑی
کیا رنگ دکھا گئی خود حیراں ہوں
وقت کی آندھی نے گھیرا ایسے

# مشتاق فریدی ـــــــ بحیثیت نعت گو شاعر

سیدہ نسرین نقاش
سرینگر

اردو ادب میں نعت گوئی کو امتیازی اور روحانی مقام حاصل ہے یہاں نہ صرف مسلمانوں بلکہ غیر مسلم شعراء نے بھی نعت کہکر حُضور پاک صلی اللہ علیہ وسلم کی ذات حسن اور اخلاق کو خراج تحسین پیش کیا ہے نعت گوئی صرف سخنوری نہیں بلکہ عاشقانہ عقیدت اور ادب کی بلند ترین مثال ہے

نعت گو شاعر کیلئے ضروری ہے کہ وہ حضور پاک کی محبت میں سرشار ہو اور ادب و احترام کی حدود کا خیال رکھے اور اپنے

آشعار میں شانِ رسالت آنسانی اقدار اور اخلاق حسنہ کو اُجاگر کرے

مشتاق فریدی صاحب نہایت مخلص ہمدرد با اخلاق اور ملنسار شخصیت ہیں اپ ڈوڑہ کشمیر کے معتبر اور قادر الکلام شاعر ہیں ان کی نعتیہ شاعری میں جذبہ کی صداقت لہجہ کی متانت سنجیدگی بلند خیالی اور پاکیزگی کے جوہر بدرجہ اُتم موجود ہیں ان کے اشعار میں فکر و فن کا حسین امتزاج دیکھنے کو ملتا ہے آدابِ نعت کے ساتھ فنی باریکیوں کا پڑا لحاظ رکھا گیا ہے زبان نہایت صاف سادہ اور شستہ ہے کلام کی روانی سلاست اور برجستگی قابل دید ہے

آشعار میں ایک مخصوص سادگی اور دلکشی میں نے محسوس کی ہے

مشتاق فریدی کے یہاں فکر و خیال اور فنی پیکر اور شعری لوازمات سب میں تازگی پائی جاتی ہے وہ قافیوں سے مضمون آفرینی کے "قافیے لاتے ہیں شعر کی پوری زمین بحر و قافیہ و ردیف سمیت مشتاق صاحب کی دریافت ہوا کرتی ہے نعت گوئی صرف محبت و رواداری کا موضوع ہی نہیں یہ ذہنی علمی اور روحانی صلاحتوں کا حسین گلدستہ بھی ہے جس کی نزاکتوں اور رعنائیوں میں ایمان و یقین کا رنگ عقیدت و نیاز مندی کا سنجیدہ پن، شستہ خیالات کی چمک دمک شائستہ الفاظ و معنی کی جو موسقیت اور مطلوبہ اکرام و احترام کی جھلک ان کی نعتیہ شاعری میں ملتی ہے پڑھکر دل کو سکون ملتا ہے چند اشعار پیش خدمت کر رہی ہوں ملاخط فرمائے

خوابوں میں آ کے آقا دل شاد کیج
ویراں ہے دل کی بستی آباد کیج
کفر و شرک کی یورشوں میں ہیں تیرے غلام
ہم بے کسوں کی بے بسی کی داد دیج
ظلمات کا فسانہ دم توڑنے لگا ہے
کس شان سے رواں یہ محمد کا کارواں ہے
بے خوف بلبلیں ہر سو چہک رہی ہیں
برق و کھڑک سے محفوظ ہر آشیاں ہے

حضورِ اکرم کی شخصیت و سیرت طیبہ کے مختلف پہلوؤں کی شکل میں جس حُسن و خوبی سے بیان کیا گیا ہے وہ قابل تحسین ہے مشتاق صاب کی نعت گوئ عقیدت کے بلند میناروں سے پاکزگی کے اعلیٰ حدود کو چُھوتی ہے اور قاری کو اپنے ہمراہ کہیں او لئے چلتے ہیں مشتاق فریدی کی نعتوں میں چاہے وہ کسی بھی ہیت میں ہوں فیضان مصطفیٰ اور فیضا رسُول کے مضامین و موضوعات بار بار آتے ہیں اور یہ نعت گو شعراء کا ایک پسندیدہ موضوع ہے نعت گو شاعروں میں جہاں حضور اکرم کی سیرت طیبہ اور آپ نے اخلاق حسنہ و صفات

دیانت عدالت امانت سخاوت شرافت شجاعت محبت و صداقت کا تذکرہ کیا ہے

وہیں بنی نوع انسان پر آپ کے احسانات اور آپ کی تعلیمات آپ کی سیرت اور اخلاق حمیدہ کا تذکرہ کر دیا ہے نعت گو شاعر مشتاق فریدی کہتے ہیں کہ اپ کے فیضان ہی تو ہے جس کے سبب انسان میں انسانیت آئ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا اعلیٰ کردار ہر دور کی پہچان اور ہر دور کا معیار سمجھا جائے گا مشتاق فریدی کی نعتیہ شاعری میں الفاظ کی تقدیس و طہارت مختلف رُوپ سے اُجاگر ہوتی ہے جو شاعری کی مہارت زبان کی عین مظہر ہے

اُن کا زیر نظر نعتیہ مجموعہ قاب قوسین پر اس دور کے بیشتر نامور قلمکاروں نے مشتاق صاحب کے فن نعت گوئی کے متعلق اپنے خوب صورت جائزے پیش کئے ہیں جناب ولی محمد کشتواڑی لکھتے ہیں کہ

مشتاق فریدی جموں و کشمیر کے دوڑہ خطہ سے تعلق رکھنے والے وہ خوش نصیب اردو کشمیری زبان کے نعت گو شاعر ہیں جن کے ابھی تک چھ نعتیہ مجموعے زیور طبع سے آراستہ ہوئے ہیں

پروفسر شہاب عنایت ملک فرماتے ہیں مشتاق فریدی نے اپنی زندگی کا بشتر حصہ عشق نبی اور عشق آل نبی کی توصیف و تعریف لکھنے میں صرف کیا اور ان کی مداح میں عقیدت کے پھول نچھاور کئے اُن کے تمام شعری مجموعے نعتیہ اشعار لبریز نظر آتے ہیں انہوں نے اردو اور کشمیری میں اعلیٰ پائے کے نعت کہے ہیں

غرض کہ مشتاق فریدی صاحب کے نعتیہ کلام میں سلاست بدرجہ اتم پائی جاتی ہے زبان ایسی صاف کہ ایک ایک لفظ سے طہارت و پاکیزگی ٹپکتی ہے ہر بندیش چُست ہر ترکیب دل نشین مجھے اُمید ہے قاب قوسین مجموعے کی بالعموم تمام اردو دان حلقوں میں اور بالخصوص عاشقان رُسول کی محفلوں میں خوب پزیرائی ہوگی انشاءاللہ

نوٹ: صفحہ ادب ہر جمعرات کو وادی کے معروف جواں سال ادیب سہیل سالم کی ادارت میں شائع ہوتا ہے۔ ان کے ساتھ salimsuhail3@gmail.com پر رابطہ قائم کیا جاسکتا ہے

